1989ء سے مسلسل اشاعت | 23 اپریل تا 6 مئی 2021 | شمارہ نمبر 18-17 | جلد نمبر 33

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

APP
IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFED
QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER Sinar Tech
SINARSPECTRA COLOR CUBE
AQNA Brands
FOR BOOKING CONTACT IBM :
UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED
PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board
pindo deli
paper products
Indah Kiat
Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER
Winner of
BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012
111-IBM-PAK
Please Contact For Booking
First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کی کراچی ولاہور میں خدمت کے 12 سال
19 مارچ تا 25 مارچ 2021
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 PEFC ISO9001 ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD
ExcelPro
MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE TODAY'S PAPER FOR TOMORROWS' TECHNOLOGY
a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eXp pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eXp srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza
foopak
CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# 15 اپریل کا مشکوک فیصلہ "خاص انعامات" کے عوض ڈی جی ٹی او سے حاصل کیا گیا، ترجمان بزنس مین پینل

## عاصم اقبال اور ان کی ساڑھے چار کی ٹیم اپنے عاقبت نااندیش رویوں سے بے بنیاد الزامات عائد کر رہے ہیں، بزنس مین پینل کی جانب سے صدر کا اعزاز حاصل کرنے پر انہیں شکر گزار ہونا چاہیئے

### اگر وہ ایپما کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے دیں تو انہیں الوداعی پارٹی اور ان کی پندرہ سال کی فیس مبلغ ڈیڑھ لاکھ روپے واپس کر دیئے جائیں گے۔ ایپما کے خلاف خطوط لکھنے پر ردعمل

کراچی (پیپر بزنس نیوز) بزنس مین پینل کراچی کے ترجمان نے ایک بیان میں عاصم اقبال اور ان کے ماتحت چیئرمین انصاف بزنس پینل کی جانب سے احمقانہ، غیر متعلقہ ذاتی دشمنی پر مشتمل خط ممبر کسٹم، چیئرمین ایف بی آر اور دیگر کسٹم حکام بھیجے گئے خط پر اپنے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان نے کہا ہے کہ وہ پوری پیپر برادری کی طرف سے عاصم اقبال (ڈان پیپر مارٹ) اور ان کی انتہا پسند، مبینہ زیادہ خود اعتمادی، غیر ذمہ دارانہ، پیپر ٹریڈ کی دشمنی اور جارحانہ عزائم رکھنے والی ٹیم کے اس عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں جو اپنے ذاتی ایجنڈے کی تکمیل کیلئے، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کو یرغمال بنانے کے لیے ڈی جی ٹی او، ہائی کورٹس، فیڈریشن اور کسٹم وغیرہ کے سامنے ایک باوقار ادارے کی تضحیک کر رہے ہیں۔ ترجمان نے کہا ہے کہ عاصم اقبال (ڈان پیپر مارٹ) ایک بار پھر غیر اخلاقی اور باعث شرمندگی الزامات ایگزیکٹو کمیٹی ایپما پر ممبر شپ میں بے قاعدگیوں کے عائد کئے ہیں اور انہیں جعلی ممبر شپ کا ذمہ دار قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران کی مدت پوری ہو چکی ہے اور ایپما غیر فعال ہو گئی ہے۔ ایپما انتخابات کا عمل مکمل کرنے میں ناکام رہی ہے اس کے علاوہ گمراہ کن پروپیگنڈہ کرتے ہوئے ایگزیکٹو کمیٹی ممبران پر کروڑوں روپے کے غبن کے الزامات عائد کئے ہیں اور ڈی جی ٹی او سے مطالبہ کیا ہے کہ ایپما کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے۔ فوری طور پر ایپما کا کنٹرول ایڈمنسٹریٹر کے حوالے کیا جائے اور ایف آئی اے کی معرفت ایگزیکٹو کمیٹی سدرن و ناردرن کی جانب سے کروڑوں روپے کے ایپما فنڈ کی خورد برد کی تحقیقات کرائی جائے۔ ترجمان نے عاصم اقبال کو یاد دلایا کہ وہ ایپما کی دشمنی میں آگے بڑھنے سے قبل ماضی میں جھانکیں اور دیکھیں کہ بزنس مین پینل کے پلیٹ فارم نے انہیں بہترین اعزاز و عزت دی اور وہ سدرن زون کے صدر اور متعدد اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے اور انہوں نے اسے باعث فخر بھی سمجھا اب بجائے اس کے کہ وہ بزنس مین پینل کی جانب سے اس عزت افزائی پر خوش ہو کر پیپر ٹریڈ کی بھلائی کے لیے کام کرتے انہوں نے غیر حقیقت پسندانہ الزامات کی بوچھاڑ کی اور نفرت انگیز رویہ ایپما اور اس کے معزز ممبران کے خلاف اپنایا۔ ترجمان نے انہیں یاد دلایا کہ ان کے دور صدارت میں ایپما سدرن زون کے سالانہ اخراجات 18 لاکھ روپے تھے جبکہ یہ بھی حقیقت ہے کہ 400 اراکین میں سے 275 نے 1000 روپے فی ممبر کے حساب سے ممبر شپ فیس ادا کی تھی اور بقایا 125 اراکین کی فیس کا انتظام عطیات سے کیا گیا تھا اور سدرن زون نے 1525,000 روپے دیگر عطیات سے اخراجات پورے کئے تھے تو پھر اس میں کروڑوں روپے کا غبن کہاں سے آ گیا۔ ترجمان بزنس مین پینل نے عاصم اقبال سے مودبانہ درخواست کی کہ وہ خود یاد کریں اور اپنے ساڑھے چار افراد پر مشتمل گینگ کو بھی یاد دہانی کرائیں کہ معزز عدالت لاہور نے ایپما کے انتخابات انصاف بزنس پینل کی درخواست پر معطل کئے ہیں آپ اور آپ کی ٹیم نے بدنیتی کی بنیاد پر ہائی کورٹ سے رجوع کیا اور ممبران کی ووٹنگ لسٹ چیلنج کر رکھی ہے جس کے باعث عدالت نے انتخابات کو التوا میں رکھا ہوا ہے اس کے ساتھ ساتھ معزز ڈی جی ٹی او کو مسلسل گمراہ

(باقی اگلے صفحے پر)

## ضروری اعلان

رمضان المبارک میں اوقات کار کی کمی کے باعث ہر سال کی طرح امسال بھی ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاء اللہ 7 مئی 2021ء کو شائع ہوگا۔ مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔ (ادارہ)

# نان کاربن، آرٹ کارڈ، کوٹڈ بورڈ و پیپر اور لائٹ ویٹ کوٹڈ پیپر کی درآمدی ویلیوز کے تعین کیلئے اجلاس کا انعقاد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیو ایشن ڈپارٹمنٹ امان اللہ سومرو کی صدارت میں نان کاربن ریلزنگ پیپر، آرٹ کارڈ، کوٹڈ بورڈ و پیپر اور لائٹ ویٹ کوٹڈ پیپر کی درآمدی ویلیوز کے تعین کے لئے ایک اجلاس 12 اپریل 2021 کو کسٹم ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایف پی سی سی آئی کی ویلیو ایشن کمیٹی کے چیئرمین، کراچی چیمبر کی ویلیو ایشن کمیٹی کے چیئرمین، چیئرمین آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن، صدر لاہور چیمبر، صدر اسلام آباد چیمبر اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاوہ سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، ولی لیمینیٹس پرائیوٹ لمیٹڈ لاہور، ڈان کنورٹیک کراچی، ٹائم پریس پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، پری ٹریڈرز کراچی، کلاؤڈ ٹریڈرز لاہور، ایم ایچ انٹر پرائزز کراچی، الرومان گرافکس لاہور، نیاز پیپر مارٹ لاہور، پاپولر فوڈ انڈسٹری کراچی، ملٹی ٹریڈ کنورٹرز کراچی، ریکس ٹریڈنگ کو کراچی، اے بی سعید پرائیوٹ لمیٹڈ، ہمدم پیپر پروڈکٹس پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، نیشنل پیپر مارٹ کراچی، سمیع برادرز کراچی، افتخار احمد لاہور، ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور، جنید ٹریڈرز لاہور، یونس اینڈ سنز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، ڈیلکس پیکیجز کراچی، رواہا انٹرنیشنل پرائیوٹ لمیٹڈ لاہور، وقاص دانش برادرز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی اور انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کراچی کو مدعو کیا گیا تھا۔ لیکن صرف انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا، اے این ایم ٹریڈنگ کمپنی کے محمد انیس، اے ٹی سی پاکستان پرائیوٹ لمیٹڈ کے عابد نثار، احمد کارپوریشن کے اظہر حسین اور احمد اظہر شریک ہوئے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کے ایم سی دکانوں کے کرائے میں سالانہ 20 فیصد اضافہ غیر منصفانہ ہے: سید شاہنواز علی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) صدر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون سید شاہنواز علی نے کے ایم سی مارکیٹ حسن علی آفندی روڈ کے دکانوں کے کرائے برائے سال 2020-21 کے چالان میں بیس فیصد سالانہ اضافہ کو غیر منصفانہ اور غیر قانونی قرار دیا ہے۔ ایڈمنسٹریٹر کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) کے نام ایک خط میں انہوں نے کہا ہے کہ 7 اپریل کو 2020-21 کے لیے موصولہ چالان میں ایک بار پھر بیس فیصد اضافہ کیا گیا ہے جو کہ مسلسل تیسرے سال اضافہ ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کے ایم سی مارکیٹ حسن علی روڈ 60 تا 70 اسکوائر فٹ کی دکان ہے جہاں چھوٹے پیمانے پر کاروبار ہوتا ہے کرایہ میں اس تیزی سے اضافہ سے ان کی مشکلات میں اضافہ ہوگا۔ سید شاہنواز علی نے ایڈمنسٹریٹر سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے فیصلے پر نظر ثانی کریں اور اس سال کیا جانے والا اضافہ واپس لیا جائے اور مستقبل میں اس صورت حال کو بھی روکا جائے اس خط کی نقل سینئر ڈائریکٹر لینڈ کو بھی بھیجی گئی ہے۔

## سینئر پیپر مرچنٹ حبیب برادرز پشاور کے سعید اللہ انتقال کر گئے، اسلم احمد اور دیگر کا اظہار تعزیت

پشاور (پیپر بزنس نیوز) پشاور کی قدیم فرم سابق حبیب برادرز اور موجودہ بلال نوید اینڈ کو کے مالک سینئر پیپر مرچنٹ سعید اللہ 12 اپریل کو انتقال کر گئے۔ انہوں نے پسماندگان میں نوید سعید، بلال سعید اور قاسم سعید سمیت دیگر اہل خانہ کو سوگوار چھوڑا ہے۔ دریں اثنا کراچی سے اسلم احمد سمیت دیگر پیپر مرچنٹس نے سعید اللہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی ہے۔

# بیرون ملک سے آنیوالے مسافروں کیلئے سول ایوی ایشن کی نئی پالیسی

کراچی (نیوز ڈیسک) سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بیرون ملک سے آنے والے مسافروں کے لئے نیا ہدایت نامہ جاری کر دیا ہے۔ کورونا ایس او پیز کے ضمن میں پاکستان نے بیرون ملک سے آنے والے مسافروں کے لئے پاس ٹریک ایپ متعارف کرا دی۔ پاکستان آنے والے مسافروں کو سفر سے پہلے تمام تر معلومات آن لائن ایپ میں اندراج کرانا لازمی ہوگا۔ ہر مسافر کو اپنے موبائل پر پاس ٹریک ایپ کی ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کرنا ہوگی۔ یکم مئی 2021 سے پاس ٹریک ایپ میں معلومات کا اندراج لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آن لائن ایپ پر بنا معلومات اندراج کرائے سفر کی اجازت نہیں ہوگی۔ ایپلی کیشن پر عملدرآمد کے ساتھ مسافروں پر موجودہ ہیلتھ ڈکلیریشن پُر کر کے پیش کرنے کی شرط ختم ہو جائے گی۔ سی اے اے کی جانب سے تمام ایئر لائنوں سمیت بکنگ ایجنٹس، گراؤنڈ ہینڈلنگ کو بھی مذکورہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں جبکہ تمام اتھارٹیز اور ایئر لائن آپریٹرز کو بھی ہدایت جاری کر دی گئیں۔ ہدایت نامہ ڈائریکٹر ایئر ٹرانسپورٹ عرفان صابر نے ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے جاری کیا۔

## ذیشان سہیل ملک کی والدہ انتقال کر گئیں

لاہور (پیپر بزنس نیوز) سابق صدر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نادرن زون اور لاہور چیمبر ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ذیشان سہیل ملک کی والدہ 9 اپریل کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔

## محمد ریاض انتقال کر گئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) راجہ کاپی ہاؤس کے مالک محمد ریاض 11 اپریل کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔

## اسٹیٹ بینک کے رمضان المبارک کے لیے دفتری اور کاروباری اوقات کار

کراچی (بزنس ڈیسک) مرکزی بینک اور تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے اور مائیکرو فنانس بینک کے دفاتر رمضان المبارک کے دوران پیر تا جمعرات صبح 10 بجے سے 4 بجے سہ پہر تک جبکہ جمعہ کو صبح 10 بجے سے دوپہر ایک بجے تک کام کریں گے، پیر تا جمعرات 2 بجے سے سوا 2 بجے تک نماز کا وقفہ ہوگا جبکہ جمعہ کو کوئی وقفہ نہیں ہوگا۔ اسٹیٹ بینک سے منگل 13 اپریل کو جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ماہ رمضان المبارک 1442 ہجری کے دوران بینک دولت پاکستان میں اعلان کردہ دفتری اوقات پر عمل کیا جائے گا۔

## بقیہ: عاصم اقبال کی جانب سے اپیما کے خلاف خطوط لکھنے پر بزنس مین پینل کا ردعمل

اور غلط بیانی سے اپیما کے خلاف زہر بھر رہے ہیں اور خفیہ ہاتھوں کے ذریعے ڈی جی ٹی او کی کرپٹ انتظامیہ کے ساتھ مل کر اپنے وکیل کے ذریعے اس کا دفتر اپیما کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ عاصم اقبال اور ان کی تعصب زدہ ساڑھے چار افراد کی ماتحت ٹیم کا خفیہ ایجنڈا ہے اور وہ جان بوجھ کر اپیما کو تالے لگانے چاہتے ہیں جس کے لیے وہ مسلسل ڈی جی ٹی او کے دفتر سے رابطہ میں ہیں اور انہیں جعلی دستخطوں اور جعلی خطوط کے ذریعے گمراہ کر کے اپنے من پسند احکامات حاصل کر رہے ہیں جس کے خلاف عدالتوں سے رجوع کیا جا رہا ہے۔ ترجمان بزنس مین پینل نے مزید کہا ہے کہ ہمیں معلوم ہے کہ کس طرح اس قسم کا ایک مشکوک حکم 15 اپریل 2021 کو ڈی جی ٹی او آفس سے تعلقات رکھنے والے وکیل کی معرفت حاصل کیا گیا ہے جو خاص انعامات کے عوض مقررہ تاریخ کی ساعت سے قبل ہی تیار ہو گیا تھا۔ ترجمان نے کہا کہ ہمیں تعجب ہوا کہ یہ مضحکہ خیز حکم ساعت کے صرف 18 گھنٹے میں جاری کر دیا گیا جبکہ ڈی جی ٹی او کے پاس فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس کے انتخابات میں ووٹ کے حوالے سے دائر درخواست پر 120 دن میں ہی فیصلہ نہیں آیا ہے یہ صورت حال ''گیدڑ سنگھی'' کا ڈی جی ٹی او آفس میں کھلے عام استعمال ظاہر کر رہا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ یہ حقیقت سب پر عیاں ہے کہ انصاف بزنس پینل نے اپیما کی ووٹر لسٹ لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کی ہے اور اس کے فیصلے کے بعد ہی قانونی طور پر انتخابات ہو سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ڈی جی ٹی او کے تمام غیر قانونی فیصلے آسانی سے عدالتوں میں چیلنج ہے۔ ترجمان نے کہا کہ لاہور کے ایک انڈنٹرز نے زبانی طور پر قبول کیا ہے کہ تمام قانونی ٹیم اور ڈی جی ٹی او کے لیے سونے کے انڈے کے اخراجات ڈان پیپر مارٹ برداشت کرتا ہے۔ ترجمان انصاف بزنس پینل کے چیئرمین کے دعوے دار اور اس کی ساڑھے چار کی ٹیم سے درخواست کی ہے کہ منصفانہ سوچ سے کام لیں اور لاہور کے ایک انڈنٹر کراچی کے امپورٹر کے ہاتھوں نہ کھیلیں جو ان کا نام اور فنڈ اپنے مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ ترجمان نے عاصم اقبال کو مخاطب کر کے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ وہ ذمہ دارانہ اور سمجھداری کا مظاہرہ کریں اور واقعی وہ پیپر ٹریڈ کی خدمت کرنا چاہتے ہیں تو ہم انہیں کھلے دل سے پیشکش کرتے ہیں کہ وہ منفی سوچ چھوڑ کر انتخابات میں حصہ لیں اور مجرمانہ عمل سے باز رہیں۔ ادارے کو نقصان نہ پہنچائیں کیونکہ خریدے گئے فیصلوں کی کوئی قانونی وقعت نہیں ہوتی ہے اور وہ مجرمانہ چہروں کو جلد بے نقاب کر دیتے ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ عاصم اقبال اگر اپنا دور صدارت سدرن زون یاد کریں تو ان کی کارکردگی منفی صفر ظاہر ہوگی اگر آپ اپنی سابقہ منفی کارکردگی بنیاد پر پیپر ٹریڈ کی خدمت کرنا چاہتے ہیں تو بہتر ہے کہ اپنے ماتحت ساڑھے چار کی ٹیم پر مشتمل ایک نئی ایسوسی ایشن بنا لیں اور اس کے تاحیات صدر بن جائیں لیکن ہم آپ سے التجا کرتے ہیں کہ پہلے آپ اپیما کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے دیں آپ کا یہ احسان پوری ٹریڈ پر ہوگا اور جب آپ اور آپ کے ماتحت استعفیٰ پیش کریں گے تو ہم آپ کے اعزاز میں شاندار الوداعی پارٹی کا بھی انتظام کریں گے اور اس موقع پر آپ کے سابقہ کارناموں سے ممبران کو آگاہ کریں گے۔ پھولوں کے ہار اور سندور کے ساتھ آپ کو آپ کی 15 سال کی فیس مبلغ 15000 روپے (ایک ہزار روپے سالانہ کے حساب سے) آپ کو واپس بھی کریں گے۔ امید ہے کہ آپ اس تجویز پر عمل کریں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# دھرنا پکنک

## حالیہ دھرنوں سے متاثرہ افراد کی کہانی ان کی اپنی زبانی



تحریر: ایم آر انصاری

13 اپریل 2021ء رمضان المبارک 1442ھ کی آمد آمد ہے کیونکہ آج 28 شعبان المعظم ہے اور مسلمانوں کی اکثریت کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ رمضان المبارک کے آغاز سے قبل ہی عید الفطر کی خریداری اگر کرنا ہے تو مکمل کر لے۔ (رمضان المبارک اور عید کی چاندرات کو جو لوگ بازاروں میں نظر آتے ہیں وہ مسلمانوں کی اقلیتہوتے ہیں کیونکہ اگر اکثریت بازار میں آجائے تو شاید بازار ہی بند کرنا پڑ جائیں) اسی وجہ سے اتوار کو کووڈ 19 کی وجہ سے تمام مارکیٹیں بند تھیں تو پیر کو گہما گہمی کا ہونا بھی یقینی تھا۔ ایسے ہی ایک سلسلہ میں ہم بھی فیملی سے اس دن طارق روڈ کے دورے کا وعدہ نبھانے کے لیے شام پانچ بجے کراچی نارتھ سے روانہ ہوئے۔ ایک حسین خوبصورت شام جبکہ موسم بھی خوشگوار تھا ہنسی خوشی ہم طارق روڈ پہنچے۔ دو سے تین گھنٹے کی مصروفیت کے بعد سرکاری احکامات کے تحت آٹھ بجے جب بازار بند ہونا شروع ہوئے تو ہم نے بھی گھر کی راہ لی۔

طارق روڈ سے خالد بن ولید روڈ کی معرفت ہم شہید ملت روڈ پہنچے تو ٹریفک کا دباؤ خاصا تھا گاڑیاں رینگ رہی تھیں، ہماری گاڑی بھی خراماں خراماں چل رہی تھی ایسے میں ہمارے دائیں جانب ایک مشہور ہوٹل کی چین کی ایک برانچ نظر آتی ہے، میں نے اہل خانہ کو پیشکش کر دی کہ اگر ہم نے دس منٹ میں یوٹرن لے لیا تو یہاں سے کھانا کھاتے ہوئے گھر جائیں گے جس پر سب بہت خوش ہو گئے لیکن یہ خوشی پائیدار نہ ہوسکی کیونکہ اب گاڑیوں کی رفتار پہلے سے بھی سست ہو گئی تھی اور ہمیں یونیورسٹی روڈ پر پہنچانے والے پل پر پہنچنے کے لیے بھی ایک گھنٹہ کا وقت لگ چکا تھا۔ جس سے ہماری خوشی کے سارے تازیئے ٹھنڈے ہو گئے۔ ہم سمجھے کہ آٹھ بجے دکانیں بند ہوئی ہیں اور دفاتر سے واپسی کا بھی وقت ہے اس لیے یہ ٹریفک کا دباؤ ہے کیونکہ ہمیں گزشتہ تین سالوں سے ان اوقات میں سڑکوں پر مٹرگشت کا تجربہ نہیں ہے اور ہم اب سرشام ہی اپنے گھر کے قریب موجود ہوتے ہیں۔ جب لاتوں نے تھکن کا احساس دماغ تک پہنچایا تو تشویش ہوئی کہ معلوم کیا جائے کہ کیا وجہ ہے۔ آج کی جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا گیا تو پتہ چلا کہ یونیورسٹی روڈ بلاک ہے پھر مزید تحقیق ہوئی تو پتہ چلا کہ نہ صرف شہر کراچی بلکہ مختلف شہروں میں بعد نماز مغرب ایک مذہبی تنظیم نے اپنے سربراہ کی گرفتاری کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اپنے ہی شہروں کے باسیوں کو اذیت میں مبتلا کرنے کے لیے دھرنے دے دیئے ہیں اور پورا شہر شدید ذہنی کرب میں مبتلا ہے۔ ہم تو اس سے قبل اس قسم کی صورت حال سے دوچار ہو چکے تھے ہمیں تو اندازہ تھا کہ اس میں اب کتنا وقت لگ سکتا ہے۔ ذہنی طور پر خوف کے باوجود ہم ہلکے ہلکے گاڑی آگے بڑھاتے رہے اس کے لیے ہمیں خلاف اصول و اخلاقیات مختلف سمت میں جانا پڑا لیکن کسی قسم کی کامیابی نہ ہوئی۔ اس دوران وقت نے خطرے کی گھنٹیاں بجانا شروع کر دیں تھیں اور ماضی کے واقعات و مشاہدات کی روشنی میں ایک دوسرا خوف بھی میرے ذہن میں تھا جس کا اندازہ میری فیملی کو نہ تھا اور وہ تھا ان مواقع پر پرانی سبزی منڈی تا حسن اسکوائر ایک خاص طبقہ کے لوگ اسلحہ کے زور پر نقدی و موبائل وغیرہ کا چھین لینا تھا میں نے احتیاطاً سب سے کہا کہ موبائل وغیرہ کا زیادہ استعمال نہ کریں۔ شیشے بند کر لیں، دروازے اندر سے بند کر لیں۔ آخر کار دو سے ڈھائی گھنٹے کی مسافت کے بعد سوک سینٹر سے پہلے یوٹرن تک مخالف سمت میں پہنچنے میں کامیاب ہوئے تو آگے ڈنڈا بردار گروپ موجود تھا جس نے وارننگ دے دی کہ اگر زرا بھی آگے بڑھے تو نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔ ان کا حکم سر آنکھوں پر تھا لہٰذا فوراً سیدھے ہاتھ مڑ کر حسن اسکوائر پہنچ گئے جہاں شدید ٹریفک جام تھا اور گاڑی کا ہلنا بھی ناممکن ہو گیا۔

تین گھنٹے کی اس طویل تھکا دینے والی مسافت نے میرے ساتھ میرے دو ماہ کے پوتے، ایک اکلوتی بہو، اکلوتی بیوی اور تینوں بیٹوں کو حال سے بے حال کر دیا تھا اور پوتے صاحب نے تو اپنا رونے دھونے کا بھرپور اظہار شروع کر رکھا تھا۔ اس کے چیخنے میں مزید اضافہ ہو گیا اور پورا خاندان اس کی خوشامد کر رہا تھا کہ جیسے وہ ان کی بات سمجھ رہا ہو لیکن اس نے بھی اپنی مطلق العنانی ظاہر کرنی تھی وہ اس نے جاری رکھی اور ہم بے بس اس سارے منظر کے گواہ رہے۔

خیر جب گاڑی اپنے آخر انتہا کو پہنچ گئی اور پریشانی بڑھنے لگی رات کے گیارہ بج چکے تھے ایسے میں اللہ نے ہمارے ذہن میں سابقہ تجربہ اور مشاہدہ کی روشنی میں گاڑی کی پارکنگ کا خیال ڈالا کہ کسی طرح سائڈ میں گاڑی پارک ہو جائے ایسے میں ہمیں ہمارے لیے سوئی سدرن گیس کمپنی کا گارڈ گیٹ پر نظر آ گیا۔ سوئی سدرن گیس کا نام آتے ہی ہمیں بیٹے کا خیال آ گیا جو اکیلا گھر پر تھا وہ سوئی گیس میں بطور انجینئر بھرتی ہے۔ ہم نے اسے فون کیا کہ وہ اپنے رابطے نکالے اور کسی طرح سیکورٹی گارڈ کو راضی کرے کہ وہ ہمیں رات کو پارکنگ کی اجازت دے دے۔ چند منٹوں کے بعد اس نے کہا کہ گارڈ سے بات کرا دیں۔ ہم نے گارڈ کو موبائل دے دیا وہ بات کرتے کرتے موبائل بھی گیٹ کے اندر لے گیا اور گیٹ بند کر لیا ہمارا اور اہل خانہ کا ماتھا ٹھنکا کہ کہیں پہلے مرحلے میں موبائل سے ہی ہاتھ نہ دھونے پڑ جائیں۔ خیر دس منٹ کے طویل انتظار کے بعد وہ برآمد ہوا اور کہا کہ آپ گاڑی اندر لے آئیں یہ سن کر ہمارے چہرے اس طرح خوشی سے چمک اٹھے کہ جب مکہ مکرمہ جا رہے ہوں اور آپ کو حرم نظر آ جائے یا مدینہ منورہ میں پہنچے ہوں تو سبز گنبد نظر آ جائے یا سمندری پکنک پر جا رہے ہوں اور سمندر نظر آ جائے۔ خیر گارڈ نے ہماری مدد کی اور چند گاڑیاں آگے پیچھے کر کے ہمیں گیٹ تک راستہ بنوا دیا اور ہم نے اندر داخل ہو کر سکون کا سانس لیا اور اہل خانہ کو ''دھرنا پکنک'' منانے کے لیے تیار کر لیا پہلے مرحلے میں سب نے گاڑی سے اتر کر اپنی ٹانگیں سیدھی کیں ہم نے گارڈ کا شکریہ ادا کیا اور پکنک منانے کے لیے سات افراد پر مشتمل قافلہ سڑکوں پر موجود تھا۔ (ضروری نہیں کہ ہر ایک کو یہ سہولت حاصل ہو۔ لہٰذا آپ گاڑی پارک کرتے وقت گاڑی کے نقصان کا خدشہ لازمی ذہن میں رکھیں کہ جب آپ گاڑی دوبارہ

(باقی صفحہ ۱۳ پر)



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan

Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

**A4**
21x29.7 cm
500 SHEETS

**80**
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

## International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



AQNA
Brands

Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM ™ ISO 9001:2015 CERTIFIED

International Business Management

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands ICON of Pakistan 2010-11

Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# بقیہ: دھرنا پکنک

لینے آئیں تو وہ کس حالت میں ملے گی، یہ کچھ نہیں کہا جا سکتا ہے)

باہر نکل کر اہلیہ فرط جذبات سے پولیس والوں کو کوسنے لگیں کہ یہ چند درجن افراد کو قابو نہیں کر سکتے جبکہ یہاں سیکڑوں کی تعداد میں کھڑے ہوئے ہیں ان کا کیا فائدہ۔ میں نے سمجھایا یہ بے چارے بے بس ہیں ان کے بڑے چاہتے ہیں تو یہ دھرنا مہینوں تک چل سکتا ہے اور بڑے ان سے ناراض ہوئے تو یہ چند منٹوں میں اسے کلیئر بھی کرا دیں گے ان میں مکمل صلاحیت ہے لیکن ان کے افسران ڈرتے ہیں۔ اس دوران ایک دوسری کار میں خاتون نے جھانک کر پوچھا تو انہیں بھی گوش گزار کیا کہ یہاں دھرنا ہو رہا ہے جس پر وہ ادھیڑ عمر خاتون بھی قوم، حکمران اور پولیس سمیت تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں پر برس پڑیں۔ میں نے انہیں سمجھایا کہ ہمیں اس ماحول میں رہنا ہے آپ اپنا بلڈ پریشر ہائی نہ کریں اطمینان رکھیں چند گھنٹے بعد آپ منزل مقصود تک پہنچ جائیں گی۔

اہل خانہ کے ہمراہ ہم نے تو خوشی سے مسرور لوگوں کی بے بسی بھول کر پکنک کے موڈ میں آ گئے۔ میں نے کہا کہ اب کوئی فکر نہیں ہے زیادہ سے زیادہ گھر تک پیدل چلنا ہوگا۔ لیکن اس سے پہلے ضروری ہے کہ پیٹ میں بھی کچھ ایندھن ڈال لیا جائے۔ اب ہم دوبارہ مختلف سمت میں یونیورسٹی روڈ کی طرف ہی روانہ ہو گئے۔ تھوڑے وقفہ کے بعد فلیٹوں کی دکانوں میں گہما گہمی نظر آئی جہاں کے کاروباری افراد صورت حال سے لاتعلق ہوئے اپنے اپنے کاروبار میں مصروف تھے بلکہ خوش تھے کہ ان کے کاروبار میں اضافہ ہو گیا ہے۔ جیسے ہی میڈیکل اسٹور نظر آیا سب سے پہلے ڈائپر خریدے گئے تاکہ سب سے چھوٹے لیکن سب سے اہم شخصیت ''پوتے صاحب'' کو سکون دلوایا جا سکے۔ خریداری کے بعد اس کی تبدیلی کا مشکل مرحلہ تھا خیر چلتے چلتے ایک ایسا ہوٹل بھی نظر آ گیا جس میں ''عمران خان'' کے وژن کے سو فیصد برخلاف ایک کہنے کو واش روم موجود تھا لیکن خدا کا شکر ہے کہ پانی کی سہولت دستیاب تھی۔ باہر سے قدرے بہتر تھا ہم نے تمام اہل خانہ کو اس میں اطمینان سے بیرونی دنیا سے ماورا ہو کر کھانے کی پیشکش کی جو قبول کر لی گئی اور تقریباً چار گھنٹے کے سفر کے بعد اس ہوٹل میں بیٹھنے کا موقع مل گیا۔ جہاں پوتے سمیت سب فریش ہوئے۔ روایتی کھانا جو دستیاب تھا اسے پورے انہماک اور دلچسپی سے کھایا۔ تھوڑا سا سانس لیا اور تقریباً ایک گھنٹے بعد یہاں سے کوچ کا فیصلہ کر لیا گیا اور اب اگلا مرحلہ تھا اس دھرنے سے نکل کر گھر تک پہنچنا۔

تمام لوگوں سے کہا گیا کہ وہ حسن اسکوائر کے قریب تمام دوستوں، رشتہ داروں کے نمبر تلاش کریں اور دیکھیں کہ کس کا گھر قریب اور ہم کس کے ہاں بن بلائے مہمان بن سکتے ہیں۔ تھوڑی دیر کی تگ و دو کے بعد بیٹے نے گھر سے ہی یہ خوشخبری دی کہ اس کا یونیورسٹی کا ایک دوست فیضان مدینہ مسجد والی گلی کے کونے سے آپ لوگوں کو لے سکتا ہے آپ وہاں تک پیدل جا سکتے ہیں تو مجھے بتائیں میں اسے وہاں بھیجوں۔ اجلاس نے متفقہ طور پر جلوس کی شکل میں وہاں تک جانے کا فیصلہ کیا۔ ایک ایسی سڑک سے جس پر گاڑیوں کی طویل قطاریں تھیں فٹ پاتھ پر موٹر سائیکلوں کا قبضہ تھا لیکن اہل خانہ پکنک کے جنون میں خوف و خوشی کے مشترکہ عوامل کے ساتھ اس سفر پر گامزن ہو گئے اور حسن اسکوائر سے فیضان مدینہ کی گلی تک کا سفر بخیر و عافیت مکمل ہو گیا۔ کچھ انتظار کے بعد بیٹے کے دوست کے بھائی نے آ کر اپنا تعارف کرایا تو چہرے پر مسرت کے آثار ہوئے لیکن جیسے ہی اس نے کہا کہ اب آپ کو یہاں سے پی آئی بی کالونی تک کا سفر بھی پیدل کرنا ہوگا کیونکہ اس غیر یقینی صورت حال میں گاڑی میں یہاں تک نہیں لا سکتا تھا کیونکہ کچھ پتا نہیں تھا کہ ٹریفک جام ہے۔ خیر شیر خوار پوتے کی گودیں تبدیل کرتے ہوئے ہم ایک بار پھر مشن II پر روانہ ہوئے اسی دوران ہم نے اس بچے سے کہا کہ یہاں تو روڈ کلیئر ہے بھائی سے کہو گاڑی لے آئے جہاں تک لا سکتا ہے۔ خیر اس کی سمجھ میں بات آئی اس نے فون کیا اور گاڑی ان کے گھر سے روانہ ہو گئی ہم نے یہاں سے اپنا سفر جاری رکھا اور بالآخر ان کے گھر سے پہلے ہی گاڑی آ گئی۔ گاڑی میں پانچ افراد کی جگہ تھی اور ہم پرائی گاڑی کے شہسوار سمیت کل آٹھ افراد تھے۔ بحر طور یہ بھی ایک پکنک ایڈونچر تھا جیسے تیسے پھنسے تو پوتے صاحب نے اپنا رنگ دکھانا شروع کر دیا اور اس زور سے میوزک اور مختلف دھنیں بجائیں کہ سب کی طبیعت باغ باغ ہو گئی۔ خیر اللہ اللہ کر کے ہم نے کہا کہ اب ہمیں پی آئی بی کالونی سے راستہ کلیئر معلوم ہو رہا ہے لہٰذا آپ مہربانی کریں آپ ہمیں اپنا مہمان بنانے کے بجائے اسی حالت میں ہمیں گھر پہنچا دیں۔ بھلا ہو اس بچے کا اس نے حامی بھر لی اور ہم دوبارہ پی آئی بی سے نکل کر یونیورسٹی روڈ پر تھے جہاں سے سندھی ہوٹل، لیاقت آباد، ڈاکخانے والا روڈ ٹریفک کے دباؤ کے ساتھ چل رہا تھا۔ اللہ اللہ کر کے شاہراہ پاکستان پر پہنچے تو دل کو اطمینان ہوا کہ یہاں کوئی دھرنا نہیں ہے ایک دو اور ٹیلی فون کر کے تصدیق کی کہ کہاں ''جانثاران رسول ﷺ'' عاشقان رسول ﷺ کو تکلیف دینے کے لیے دھرنا دیئے ہوئے ہیں۔ دل کو تسلی ہوئی کہ ہمارے گھر تک کے راستے پر ایسا کچھ نہیں ہے اور ہم بخیریت رات ایک بجے اپنے گھر پہنچ گئے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ اس بچے کا بھی جس نے اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر ہمیں گھر پہنچانے کی حامی بھری۔

اس طرح ہماری یہ ''دھرنا پکنک'' اختتام کو پہنچی۔ آپ بھی اسی پاکستان میں رہتے ہیں ایسے حالات کسی بھی وقت کسی کے ساتھ بھی پیش آ سکتے ہیں یا پیش آ چکے ہیں واس میں گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے آپ اطمینان سے اس سے محظوظ ہو سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو اور ہماری حفاظت فرمائے۔ تمام دھرنا پکنک والوں کو خیر و عافیت کے ساتھ ان کی منزل مقصود تک پہنچائے۔ آمین۔

# بینک کنٹینرز ڈیٹیشن چارجز اور ڈیمرج چارجز وصول کرینگے

کراچی (نیوز ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایک مسودہ تیار کیا ہے جس کے تحت بینک پورٹ چارجز وصول کر سکیں گے۔ اسٹیٹ بینک نے فارن ایکسچینج مینوئل میں ترمیم کے لئے مسودہ تیار کیا ہے اور اسٹیک ہولڈرز سے اس پر تجاویز مانگ لی ہیں۔ اس مسودہ کے تحت بینک کنٹینرز ڈیٹیشن چارجز اور ڈیمرج چارجز وصول کر سکیں گے۔ اس کا مقصد تجارت کو سہولیات فراہم کرنا ہے۔ اس کے مطابق بینک کنٹینرز ڈیٹیشن چارجز شپنگ کمپنیوں/ ایجنٹس کے کسٹمر سے براہ راست رقم وصول کر سکیں گے۔ البتہ اس کے علاوہ ایک الگ اکاؤنٹ بنانا ہوگا۔ بینک اس کے علاوہ کسی دوسرے اکاؤنٹ میں وصولی نہیں کر سکتے۔ جبکہ بینک کنٹینرز ڈیٹیشن چارجز کی مد میں ماہانہ 50 ہزار ڈالرز سے زائد ترسیل کی اجازت نہیں دیں گی۔ اسی طرح بینک ڈیمرج چارجز بھی وصول کریں گے اور اس میں بھی ترسیل ماہانہ 50 ہزار ڈالر سے زائد کی اجازت نہیں ہوگی۔


**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

**Importers**
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

**Distributors**
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# رمضان کے دوسرے عشرے سے کراچی میں کاروباری اوقات میں نرمی کا امکان

کراچی (بزنس ڈیسک) عید سیل سیزن کے دوران کورونا پابندیاں نرم کرنے کے لیے کراچی چیمبر آف کامرس میں برسراقتدار بی ایم جی کے سربراہ اور حکومت سندھ کے درمیان منگل 20اپریل کو ابتدائی مذاکرات میں متعدد امور پر اتفاق ہوگیا۔

ماہ رمضان کے دوسرے عشرے سے شہر بھر کے تجارتی مراکز میں کاروبار میں نرمی کے امکانات پیدا ہوگئے ہیں۔اس ضمن میں بی ایم جی کے چیرمین زبیر موتی والا نے بتایا کہ شہر کے اسمال ٹریڈرز کی جانب سے کاروباری اوقات وایام بڑھانے اور پابندیوں میں نرمی کے لیے کراچی چیمبر پر دباؤ مسلسل بڑھ رہا تھا لہذا منگل 20اپریل کو انہوں نے صوبائی وزراء مرتضی وہاب اور سعید غنی سے باضابطہ رابطہ کیا۔زبیر موتی والا نے بتایا کہ عید سیزن میں چھوٹے تاجروں کی سرمایہ کاری کو ڈوبنے سے بچانے پر حکومتی نمائندوں نے اتفاق کیا اور وزیر اعلی سندھ کی منظوری کے ساتھ پندرہویں روزے سے کراچی میں کاروبار کے اوقات کار بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔اسی طرح دونوں وزراء کی جانب سے کاروبار کی دوروزہ بندش میں بھی ایک دن کی کمی پر اتفاق کیا گیا۔تاجر نمائندے تمام مارکیٹوں اور بازار میں کورونا ایس او پیز پر مکمل عمل کرائیں گے جس کی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے یومیہ بنیادوں پر مانیٹرنگ ہوگی۔زبیر موتی والا نے بتایا کہ دونوں صوبائی وزراء وزیر اعلیٰ سندھ کو تفصیلی بریفنگ دیں گے اور ان سے مشاورت کے بعد تاجر نمائندوں کے ساتھ حتمی مذاکرات کریں گے جس میں کورونا ایس او پیز کے تناظر میں نرمی لانے کے اقدامات پر فیصلے ہونگے۔

## نئے قانون سے کارگو کلیئرنس چند گھنٹوں میں ممکن ہوگی، عمران خان

وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پاکستان سنگل ونڈو ایکٹ 2021 سے درآمدات اور برآمدات میں آسانی ہوگی، یہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کی ایک اور تاریخی اصلاحات کا حصہ ہے۔تفصیلات کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعظم عمران خان نے درآمدات اور برآمدات کے حوالے سے بات کی ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ سنگل ونڈو ایکٹ 2021 سے سالانہ 50 کروڑ ڈالر کی بچت ہوگی اور 75 ریگولیٹری ڈیپارٹمنٹ کو مربوط کرنے کے ذریعے کارگو کلیئرنس کا دورانیہ دنوں سے کم ہو کر گھنٹوں میں رہ جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ایک آزاد اتھارٹی پاکستان سنگل ونڈو کے انتظامات سنبھالے گی اور یہ بین الاقوامی راہداری اور تجارت کے لئے مرکز بننے کی پاکستان کی صلاحیت میں اضافہ کرے گی۔

## کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن نے بجٹ تجاویز پیش کردیں

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے بجٹ تجاویز ایف بی آر کو ارسال کردی گئی ہیں جس میں ٹریڈ کو سہولیات فراہم کرنے کے لئے کسٹمز ایکٹ میں ترامیم کرنے کا کہا گیا ہے۔کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری محمود الحسن اعوان نے کہا کہ ایف بی آر کو دی جانے والی بجٹ تجاویز کسٹمز قوانین میں تبدیلی لائی جائے تاکہ ٹریڈز کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جاسکے۔ ایسوسی ایشن کی جانب سے تجاویز میں کہا گیا ہے کہ کسٹمز ایکٹ کی شق 22 کے تحت برآمد کئے جانے والے کنسائمنٹس مختلف وجوہات کے باعث واپس آنے والے برآمدی کنسائمنٹ پر ٹیکسوں کی چھوٹ کے ساتھ انکم ٹیکس کی چھوٹ بھی دی جائے اور ان کنسائمنٹس کا دورانیہ دوسال کیا جائے تاکہ کارروباری لاگت میں کمی آسکے اور برآمدات میں اضافہ ہو جو کہ موجودہ حکومت کا مقصد بھی ہے۔بجٹ تجاویز میں اس بات پر بھی زور دیا گیا ہے کہ کسٹمز ایکٹ کی شق 32 کے تحت ہونے والی ریکوری کو 20ہزار سے بڑھا کر 3لاکھ روپے کیا جائے۔ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری نے کہا کہ کسٹمز ایکٹ کی شق 79 کے پیرا 1 میں ترمیم کرکے درآمدی کنسائمنٹس کے وزن اور لیب ٹیسٹ کے لئے سیمپل نکالنے کی اجازت دی جائے، کسٹمز ایکٹ کی شق 81 کے تحت کلیئر کئے جانے والے کنسائمنٹس پر بطور سیکورٹی جمع کئے جانے والے پے آرڈر کے ساتھ ساتھ ڈیفینس سیونگ سرٹیفکیٹ بھی جمع کروانے کی اجازت دی جائے، کسٹمز ایکٹ کی شق 203 کے تحت قوانین کا اطلاق کیا جائے تاکہ محکمہ کسٹمز ٹرمینل پر آزادانہ اپنی ذمہ داریاں نبھاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ مختلف وجوہات کے باعث بنائے جانے والے کیسوں کا فیصلہ ایڈجیوڈیکیشن کلکٹریٹ کی جانب سے 90دن کے بجائے 15 دن میں کیا جائے، محکمہ کسٹمز کی جانب سے ایس آر او 490 کے تحت درآمدی کنسائمنٹس کا وزن پانچ فیصد سے زائد ہونے پر کنٹراونشن بنادی جاتی ہے جس کی وجہ سے کنسائمنٹس کی کلیئرنس تاخیر کا شکار ہوتی ہے اس لئے ہماری تجویز ہے کہ اس کو پانچ فیصد سے بڑھا کر 10 فیصد کیا جائے۔

## ڈی جی ٹی او نے خیر پور چیمبر کے لائسنس کی تجدید کردی

کراچی (بزنس ڈیسک) وزارت تجارت کے ماتحت ادارے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشنز (ڈی جی ٹی او) نے خیر پور چیمبر کے لائسنس کی تجدید کردی ہے اور 14اپریل کو باضابطہ طور پر چیمبر کو رینیول لائسنس جاری کردیا گیا۔ڈپٹی ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریڈ آرگنائزیشن معین احمد نے اس سلسلے میں خیر پور چیمبر کے سیکریٹری جنرل کو بھی آگاہ کردیا ہے۔شبنم ظفر نے خیر پور چیمبر کے لائسنس کی تجدید کو خیر پور چیمبر، سندھ کی بزنس کمیونٹی اور یو بی جی کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر کی کامیابی قرار دیا ہے۔

## ہانگ کانگ نے پاکستان پر سفری پابندی لگادی

کراچی (نیوز ڈیسک) کورونا کے بڑھتے کیسز کو دیکھتے ہوئے ہانگ کانگ نے پاکستان کو سفری پابندی کے حامل ممالک کی فہرست میں ڈال دیا، پابندیوں کا اطلاق پیر سے 2 ہفتوں کے لئے ہوگا، ہانگ کانگ نے پابندی کی اس فہرست میں فلپائن اور بھارت کو بھی شامل کیا ہے۔

## نہر سویز میں پھنسنے والا جہاز ضبط، 900 ملین ڈالر جرمانہ

کراچی (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) مصری حکام نے ایور گرین جہاز کو مالی نقصانات کے تنازعہ کے سبب ضبط کرلیا ہے جس نے ایک ہفتے کیلئے نہر سویز کو بند کردیا تھا۔مصری عدالت نے بحری جہاز کے جاپانی مالک، شوئی کسین کیشا کو حکم دیا کہ وہ نقصانات کے نتیجے میں 900 ملین ڈالر معاوضہ ادا کرے۔اس رقم میں نہر کی بحالی کی فیس اور امدادی کاموں کے اخراجات بھی شامل ہیں۔سوئز کینال اتھارٹی کے مطابق، تنازعہ حل ہونے تک جہاز کا سامان قبضے میں لے لیا گیا ہے۔گزشتہ ماہ 23مارچ کو نہر سویز میں جہاز پھنسنے سے 400 سے زیادہ جہازوں کو روک دیا گیا تھا۔اس صورتحال کے نتیجے میں مصری حکام کی جانب سے ابھی بھی الگ تحقیقات کی جارہی ہیں۔ایک اندازے کے مطابق جہاز پر تقریبا 3.5 بلین ڈالر کا سامان ہے جو ایشیا سے یورپ جارہا تھا۔جہاز کے مالک کا کہنا ہے کہ انشورنس کمپنیاں اور وکلا معاوضے کے دعوے پر کام کررہے ہیں۔ انہوں نے اس پر مزید کوئی تبصرہ کرنے سے انکار کردیا۔دنیا بھر میں ہونے والی تجارت کا 12 فیصد حصہ سوئز کینال سے ہوکر گزرتا ہے۔ یہ کینال نہ صرف بحیرہ روم اور بحیرہ احمر کو آپس میں جوڑتا ہے بلکہ ایشیا اور یورپ کے درمیان مختصر ترین سمندری راستہ بھی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آرٹ پیپر، بلیچ بورڈ اور رشین نیوز پرنٹ ریلز کی قیمتوں میں اضافہ

## اسٹیکر، فوٹو کاپی، آفسیٹ آئی کے اور آرٹ کارڈ میں کمی، پرائس سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں تیزی کا رجحان جاری ہے، جس کے باعث پرنٹرز، پبلشرز کے ساتھ ساتھ صارفین کو بھی پریشانی کا سامنا ہے، 21 اپریل کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا میں 15 روپے فی کلو، ریئل میں 15 روپے فی کلو، چینمنگ میں 2 روپے فی کلو اور پنڈو ڈیلی میں 10 روپے فی کلو، رشین نیوز پرنٹ ریلز میں 5 روپے فی کلو اور آرٹ پیپر میں 3 روپے فی کلو اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ آرٹ کارڈ میں 4 تا 10 روپے فی کلو، آفسیٹ آئی کے میں 10 روپے فی کلو، فوٹو کاپی پیپر اور اسٹیکر پیپر کی قیمتوں میں بھی کمی ریکارڈ کی گئی۔ ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ ہپنڈ و آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 312 روپے سے کم ہو کر 308 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز تمام گرام، 310 روپے سے کم ہو کر 300 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 232 روپے سے بڑھ کر 235 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 232 روپے سے بڑھ کر 235 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 232 روپے سے بڑھ کر 235 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 107 روپے سے کم ہو کر 105 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 300-250 گرام، 114 روپے سے بڑھ کر 121 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 280 روپے سے بڑھ 295 فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ ریئل تمام سائز تمام گرام 265 روپے سے بڑھ کر 280 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 275 روپے سے بڑھ کر 277 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ انڈونیشین بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی 265 روپے سے بڑھ کر 275 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 221 روپے سے کم ہو کر 212 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ رشین نیوز پرنٹ ریلز سائز 26.75 انچ، 42 گرام، 105 روپے سے بڑھ کر 115 روپے، سائز 23 انچ، 42 گرام، 110 روپے سے بڑھ کر 115 روپے، سائز 30 انچ، 42 گرام، 110 روپے سے بڑھ کر 115 روپے، سائز 33 انچ، 42 گرام، 110 روپے سے بڑھ کر 115 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔ ایچ پی برائٹ ریلز تمام سائز 52 گرام، 125 روپے سے بڑھ کر 130 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 485 روپے سے کم ہو کر 480 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی 80 گرام، 570 روپے سے کم ہو کر 560 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی F4B ۔ 70 گرام، 620 روپے سے کم ہو کر 610 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 495 روپے سے کم ہو کر 490 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 590 روپے سے کم ہو کر 580 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 500 روپے سے کم ہو کر 495 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔ 70 گرام، 615 روپے سے کم ہو کر 610 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی 13.5 -F4A ۔ 70 گرام، 645 روپے سے کم ہو کر 635 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی A3 ۔ 70 گرام، 1110 روپے سے کم ہو کر 1080 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ سگنیچر 80 گرام، 645 روپے سے کم ہو کر 640 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپرون 70 گرام، 545 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈ ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2300 روپے سے کم ہو کر 2250 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ہپر ائم یونگی چائنا 20x30 سائز، 2300 روپے سے کم ہو کر 2250 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

## انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر مستحکم

کراچی (نیوز ڈیسک) مقامی کرنسی مارکیٹوں میں منگل 20 اپریل کو روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں اضافے کا رجحان رہا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل 20 اپریل کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر 5 پیسے مہنگا ہو گیا جس سے ڈالر کی قیمت خرید 152.85 روپے سے بڑھ کر 152.90 روپے اور قیمت فروخت 152.95 روپے سے بڑھ کر 153 روپے ہو گئی اسی طرح مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 20 پیسے بڑھ گئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 152.70 روپے سے بڑھ کر 152.90 روپے اور قیمت فروخت 153 روپے سے بڑھ کر 153.20 روپے ہو گئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 1 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے ڈالر کی قیمت خرید 182.50 روپے سے بڑھ کر 183.50 روپے اور قیمت فروخت 184 روپے سے بڑھ کر 185 روپے ہو گئی اسی طرح 1.50 روپے کے نمایاں اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 211 روپے سے بڑھ کر 213 روپے اور قیمت فروخت 213 روپے سے بڑھ کر 214.50 روپے پر جا پہنچی۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سندھ میں کاروبار ہفتہ اور اتوار کو بند، نیا حکم نامہ جاری

